12322-قبرستان کی زیارت کے لیے جمعہ کا دن مخصوص کرنے کا حکم

سوال

قبرستان کی زیارت کے لیے جمعہ کا دن مخصوص کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اس کی کوئی دلیل نہیں ہے، مشروع تو یہی ہے کہ جس وقت چاہے قبروں کی زیارت کی جا سکتی ہے، چاہے دن ہو یا رات جب بھی وقت میسر ہو، لیکن کسی دن یا رات کو زیارت کے لیے مخصوص اور متعین کر لینا بدعت ہے. جس کی کوئی دلیل نہیں ملتی.

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس نے بھی ہمارے اس معاملہ میں وہ چیز ایجاد کی جو اس میں سے نہیں ہے تو وہ مردود ہے"

صحیح بخاری و مسلم اس کے صحیح ہونے پر متفق ہیں.

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی فرمان ہے :

"جس نے بھی کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں تو وہ عمل مردود ہے"

اسے مسلم رحمہ اللہ تعالی نے عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے صحیح مسلم میں روایت کیا ہے.